کورونا وائرس کا مقابلہ کرنے کے لئے قومی رضاکار منصوبہ مؤثر ثابت ہوگا - 15 /Mar/ 2020

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے کورونا وائرس کی روک تھام کے سلسلے میں اقدامات اور اس کا مقابلہ کرنے کے لئے قومی رضاکار منصوبہ کے متعلق وزیر صحت کی رپورٹ کے جواب میں انجام دیئے گئے اقدامات پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کورونا وائرس کا مقابلہ کرنے کے سلسلے میں قائم قومی کمیٹی اور وزارت صحت کے اقدامات کو لازم الاجراء قراردیا ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسمہ تعالی

محترم وزیر صحت ، ان کے معاونین اور ملک بھر کے میڈیکل عملے کے اہلکاروں کی زحمات کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ کورونا وائرس کی روک تھام اور اس کا مقابلہ کرنے کے سلسلے میں قائم قومی کمیٹی اور وزارت صحت کے اقدامات لازم الاجراء ہیں۔ کورونا وائرس کا مقابلہ کرنے کے سلسلے میں قومی رضاکار منصوبہ دینی، جہادی اور انسانی مقاصد پر مبنی منصوبہ ہے، جسے علمی اور سائنسی پشتپناہی حاصل ہے۔ یہ منصوبہ مؤثر اور کارآمد منصوبہ ہے اور یہی وہ چیز ہے جو بلا کو نعمت اور خطرے کو فرصت میں بدل دے گی۔ ان شاء اللہ ۔ اللہ تعالی کی بارگاہ سے اس راہ میں جد وجہد کرنے والوں کے لئے اجر و توفیق طلب کرتا ہوں۔